کیسر پرمانٹ

طبی مالیاتی امداد کی پالیسی کا خلاصہ

کیسر پرمانٹ کی طبی مالیاتی امداد (Medical Financial Assistance, MFA) کا پروگرام ان اہل مریضوں کو مالی امداد فراہم کرتا ہے جو ایمر جنسی یا کیسر پرمانٹ کے مرکز میں یا کسی کیسر پرمانٹ فراہم کنندہ کی جانب سے خود کو ملنے والی ضروری طبی نگہداشت کے لئے ادائیگی کرنے میں مدد کے محتاج ہوتے ہیں۔ ایم ایف اے پروگرام کے لئے مریض کئی طریقوں سے درخواست دے سکتے ہیں جن میں ذاتی طور پر درخواست دینا، فون کے ذریعہ درخواست دینا یا ایک کاغذی درخواست نامہ پُر کرنا شامل ہیں۔ اہل ہونے کے لئے مریضوں کا درج ذیل شرائط پر کھرا اترنا ضروری ہے۔

مالی امداد کا اہل کون ہے اور اہلیت کی شرائط کیا ہیں؟

یہ پروگرام کم آمدنی والے، غیر ضمانت شدہ، یا ایسے غیر مستحق مریضوں کی مدد کرتا ہے جن کو اپنی مجموعی یا جزوی طبی نگہداشت کی ادائیگی کے لئے امداد کی ضرورت ہوتی ہے۔ عام طور پر، مریض ایسی حالت میں مالی امداد کے اہل ہوتے ہیں جب ان کی مجموعی گھریلو آمدنی وفاقی غربت گائیڈلائنس (Federal Poverty Guidelines, FPG) میں مذکور آمدنی کی 350 فیصدی یا اس سے نیچے ہو یا ان کے سامنے غیر معمولی طبی خرچے درپیش ہوں۔ مریضوں کو اپنی اہلیت معلوم کرنے اور درخواست دینے میں مدد حاصل کرنے کے لئے مریضوں کے مالیاتی صلاح کار کے ساتھ بات کرنی چاہئے۔

جو مریض طبی مالیاتی امداد کے اہل ہیں ان سے ایمرجنسی یا دیگر ضروری طبی نگہداشت کے لئے عام طور پر قابل ادائیگی مبلغ (amounts generally billed, AGB) سے زیادہ کی وصولی نہیں کی جاتی ہے۔ اے جی بی کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے kp.org/mfa/ncal دیکھیں۔

کیا پبلک اور پرائیویٹ پروگرام کی اہلیت طے کرنے کے لئے کیسر پرمانٹ مریضوں کی اسکریننگ کرتا ہے؟

کیسر پرمانٹ مریضوں کو ایسے ممکنہ پبلک وپرائیویٹ صحت انشورنس کے پروگراموں کی شناخت کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے جو صحت کی نگہداشت کے وسائل تک رسائی کے لئے مطلوبہ اشیاء کے حصول میں کار آمد ہوتے ہیں۔ جو مریض کسی پبلک وپرائیویٹ صحت انشورنس کے پروگرام کے لئے اہل پایا جاتا ہے اسے چاہئے کہ وہ اس پروگرام کے لئے درخواست دے۔

پروگرام میں کیا کیا چیزیں شامل ہیں؟

طبی مالیاتی امداد پروگرام میں وہ ضروری طبی نگہداشت شامل ہیں جو کیسر پرمانٹ کے طبی دفتر، اسپتال، فارمیسی یا کیسر پرمانٹ فراہم کنندہ کے ذریعہ مہیا کرائے جاتے ہیں۔ جو خدمات ان میں شامل نہیں ہیں وہ ان اقسام کی خدمات ہیں جنہیں ایک کیسر پرمانٹ فراہم کنندہ ایمرجنسی یا طبی طور پر ضروری نہیں شمار کرتا ہے نیز ان میں بانجھ پن کا علاج، بچہ دانی کرائے پر لینے کی خدمات اور طبی نگہداشت کی قسطیں بھی شامل نہیں ہیں۔ مزید مکمل فہرست ایم ایف اے کی پالیسی میں دیکھیں۔

کیا زبان سے متعلق مدد فراہم کی جاتی ہے؟

آپ کے لئے مترجمین مفت دستیاب ہیں۔ طبی مالیاتی امداد کا درخواست نامہ، پالیسی اور پالیسی کا یہ خلاصہ آپ کی زبان میں فراہم کیا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے، 800-464-4000 پر کال کریں یا ہماری ویب سائٹ kp.org/mfa/ncal پر جائیں۔

کیا کیسر پرمانٹ کی کوئی مالیاتی امداد پالیسی ہے؟

آپ کیسر پرمانٹ کی طبی مالیاتی امداد پالیسی کی ایک مفت کاپی حاصل کرنے کے لئے 800-390-3507 پر کال کر سکتے ہیں، یا اس پتہ پر خط بھیج سکتے ہیں: P.O. Box 30006, Walnut Creek, CA 94598، یا ہماری ویب سائٹ kp.org/mfa/ncal کے ذریعہ اپنی درخواست بھیج سکتے ہیں۔

مدد چاہئے؟

مدد کے لئے یا طبی مالیاتی امداد حاصل کرنے کی خاطر دی جانے والی درخواست کا طریقۂ کارجاننے کے لئے برائے مہربانی 800-390-3507 پر کال کریں، یا کسی کیسر پرمانٹ اسپتال میں واقع مریضوں کے مالیاتی صلاح کاروں کے شعبہ میں موجود کسی مالیاتی صلاح کار کے ساتھ بات کریں۔

میں کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

آپ طبی مالیاتی امداد کے لئے کئی طریقوں سے درخواست دے سکتے ہیں جن میں ذاتی طور پر یا فون کے ذریعہ پروگرام کی معلومات حاصل کرنا یا درج ذیل ذرائع میں سے کسی سے کاغذی درخواست نامہ طلب کرنا شامل ہیں:

- کسی کیسر پرمانٹ اسپتال میں واقع مریضوں کے مالیاتی صلاح کاروں کے شعبہ میں موجود کوئی مالیاتی صلاح کار
- 800-390-3507 پر کال کرنا
- اس پتہ پر بذریعہ ڈاک (مفت) خط بھیج کر: P.O. Box 30006, Walnut Creek, CA 94598
- کیسر پرمانٹ کمیونٹی ویب سائٹ kp.org/mfa/ncal سے درخواست نامہ ڈاونلوڈ کر کے۔

مکمل شدہ درخواستوں کو (جن میں تمام مطلوبہ دستاویزات اور معلومات، جن کا ذکر درخواست نامہ کی ہدایات میں کیا گیا ہے، شامل ہیں) نزدیکی کیسر پرمانٹ اسپتال کے ایڈمیشن یا ایمرجنسی شعبہ میں واپس کریں یا انہیں اس پتہ پر بذریعہ ڈاک بھیجیں: MFA Program, P.O. Box 30006, Walnut Creek, CA 94598.

کیسر پرمانٹ مکمل کئے گئے جمع شدہ درخواست ناموں کا معائنہ کرے گا اور یہ طے کرے گا کہ آپ کیسر پرمانٹ کی طبی مالیاتی امداد پالیسی کے مطابق اہل ہیں یا نہیں۔ درخواستوں کے نامکمل ہونے کی صورت میں ان پر عملدرآمد میں تاخیر ہو سکتی ہے یا آپ کی ایم ایف اے درخواست مسترد کی جا سکتی ہے، لیکن کیسر پرمانٹ درخواست دہندگان کو اس بارے میں اطلاع دے گا اور انہیں موقع فراہم کرے گا کہ وہ نامکمل دستاویزات یا معلومات کو مطلوبہ ڈیڈلائن تک مکمل کر دیں۔

Kaiser Foundation Hospital 2018©;
Kaiser Foundation Health Plan, Inc.